۱۴


# بہادر جوزَف

315MNT

کسی دریا کے قریب ایک چھوٹی سی بستی تھی۔ وہاں کے لوگوں نے دریا کے کنارے ایک مضبُوط دیوار بنائی تھی۔ یہ دیوار دریا کے پانی کو بستی میں آنے سے روکنے کے لیے تھی۔

اسی بستی میں جوزف نام کا ایک لڑکا رہتا تھا۔ ایک شام وہ دریا کے کنارے کھیل رہا تھا۔ کھیلتے کھیلتے اُس نے دیکھا کہ دیوار میں ایک سؤراخ ہوگیا ہے اوراس میں سے پانی نکل رہا ہے۔ اُس نے خیال کیا، یہ سؤراخ اِس وقت تو چھوٹا سا ہے مگر آہستہ آہستہ بڑھتا جائے گا اور پھر اِتنا پانی بہنے لگے گا کہ ساری بستی ڈوب جائے گی۔ اُس نے سوچا، پانی کو روکنے کی کیا ترکیب ہوسکتی ہے؟ کیا بستی میں جا کر سب کو خبر کردوں؟ مگر اس طرح تو بہت دیر ہوجائے گی۔ تب تک سؤراخ اتنا بڑا ہوجائے گا کہ پانی کو روکنا مشکل ہوگا۔

آخر ایک ترکیب جوزف کی سمجھ میں آئی۔ اُس نے اپنی ہتھیلی سؤراخ پر لگا دی، پانی تب بھی نہ رکا۔ وہ سؤراخ سے اپنی پیٹھ لگا کر بیٹھ گیا۔ دھیرے دھیرے سردی بڑھنے لگی لیکن جوزف نے ہمّت نہ ہاری اور وہیں ڈٹا



رہا۔ وہ رات بھر اسی طرح دیوار سے پیٹھ لگائے بیٹھا رہا تاکہ سوٗراخ نہ بڑھے اور پانی رُک جائے۔ سردی سے اُس کے ہاتھ پاؤں شل ہو گئے۔

صبح کے وقت ایک شخص اُدھر سے گزرا۔ وہ جوزف کے قریب گیا جو سردی سے اکڑ گیا تھا۔ اس کی پیٹھ جس جگہ دیوار سے لگی ہوئی تھی وہاں سے تھوڑا تھوڑا پانی نکل رہا تھا۔ وہ شخص سمجھ گیا کہ ماجرا کیا ہے۔ وہ دوڑتا ہوا بستی میں پہنچا اور بہت سے لوگوں کو بُلا لایا۔

اُس وقت تک جوزف کی حالت بہت نازک ہو چکی تھی۔ کچھ نوجوان لڑکوں نے اُسے وہاں سے اُٹھایا اور اُسے لے کر بڑی تیزی سے اسپتال کی طرف روانہ ہوئے۔ دوٗسرے لوگ سوٗراخ بند کرنے میں لگ گئے۔ تھوڑی دیر کوشش کرنے کے بعد سوٗراخ بند ہو گیا اور دیوار سے پانی آنا رُک گیا۔

اُدھر اسپتال میں ڈاکٹروں نے بڑی محنت اور توجّہ سے جوزف کا علاج کیا۔ کچھ دنوں کے بعد جوزف بالکل اچھّا ہو گیا۔

جوزف نے اپنی جان کی پروا نہ کرتے ہوئے بستی کو تباہی سے بچایا تھا۔ اس کے اسپتال سے گھر واپس آنے پر بستی کے سب لوگوں نے خوب خوشیاں منائیں۔ گھر گھر اس کی بہادری کے چرچے ہونے لگے۔

(مشتاق رضا)

ماجرا – واقعہ، بات، معاملہ

چرچا ہونا – کسی بات کا بار بار ذکر ہونا

## مشق

❁ ایک جملے میں جواب لکھو:

۱۔ دیوار کس لیے بنائی گئی تھی؟

۲۔ جوزف کہاں کھیل رہا ہے؟

۳۔ جوزف سوٗراخ بند نہ کرتا تو کیا ہوتا؟

۴۔ جوزف نے سوٗراخ بند کرنے کی کیا ترکیب کی؟

۵۔ وہاں سے گزرنے والے شخص نے کیا دیکھا؟

۶۔ جوزف کی بہادری کے چرچے کیوں ہونے لگے؟

## دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کرو:

پروا نہ کرنا　　　ماجرا　　　ترکیب

## اس کہانی میں نیچے دیے ہوئے لوگوں نے کیا کام کیا:

- جوزف کے پاس سے گزرنے والا شخص
- نوجوان لڑکے
- بستی کے دوسرے لوگ
- ڈاکٹر

## دیے ہوئے جملے غلط ہیں یا صحیح، لکھو:

۱۔ بستی کے کنارے ایک سمندر تھا۔
۲۔ دیوار میں ایک سوراخ ہو گیا تھا۔
۳۔ جوزف کے پاس سے گزرنے والے شخص نے سوراخ بند کرنے کی کوشش کی۔
۴۔ نوجوان لڑکوں نے جوزف کو فوراً اس کے گھر پہنچا دیا۔
۵۔ بستی کے لوگوں نے سوراخ بند کر دیا۔
۶۔ جوزَف کے اسپتال سے آنے پر لوگوں نے خوشیاں منائیں۔

## نیچے دیے ہوئے خانوں سے لفظ لے کر واحد کے پانچ جملے اور جمع کے پانچ جملے بناؤ:

| | | |
|---|---|---|
| وہ | سوچ<br>چل<br>دیکھ<br>جاگ<br>گا | رہا ہے۔<br>رہے ہیں۔ |